© rasailojaraid.com



مذاکرہ میں اہل علم نے اپنے مقالات پیش کیے، ان مقالات کو اس کتاب کی شکل میں شائع کر دیا گیا، درج ذیل علماء کے مقالات اس کتاب کا حصہ ہیں۔

۱۔ مولانا عبدالعزیز علوی، ۲۔ علامہ عبدالحکیم شرف قادری، ۳۔ ڈاکٹر قبلہ ایاز، ۴۔ مفتی محمد عبدالرحمن رحمانی، ۵۔ حافظ ڈاکٹر عبدالرشید، ۶۔ ڈاکٹر محمد اظہار الحق، ۷۔ ڈاکٹر معراج الاسلام، ۸۔ ڈاکٹر محمد اکرم رانا، ۹۔ پروفیسر رشید احمد، ۱۰۔ حافظ مبشر حسین لاہوری، ۱۱۔ ڈاکٹر محمد یوسف فاروقی۔ یہ مقالات مجلس فکر ونظر لاہور اور اس کے روح رواں ڈاکٹر محمد امین صاحب کی مساعی کا نتیجہ ہے، موصوف نے سود کے مسئلہ، جدید تعلیم میں مغربی تہذیب کے اثرات، دینی مدارس کا نظام تعلیم وغیرہ پر بھی اسی قسم کے مذاکرے منعقد کیے ہیں، ڈاکٹر صاحب اور ان کے رفقاء مبارکباد کے مستحق ہیں، اس مذاکرہ میں مختلف مسالک کے مختلف اہل علم نے مختلف خیالات کا اظہار کیا ہے، اور آخر میں مشترکہ اعلامیہ بھی پیش کیا گیا ہے۔ میں جناب شاہد حنیف اور ان کے دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں، جن کے توسط سے یہ کتاب مجھے موصول ہوئی۔

| | | |
|---|---|---|
| کتاب کا نام | : | پاکستان سے محبت کے تقاضے |
| مصنف | : | ڈاکٹر عمر حیات عاصم سیال |
| ناشر | : | بیت السلام کراچی ۲۰۰۹ء |
| قیمت وصفحات | : | قیمت درج نہیں ۱۲۸ صفحات |

ڈاکٹر صاحب کراچی یونیورسٹی اور شیخ زاید کے حوالہ سے نمایاں شخصیت ہیں، جہد مسلسل کے قائل اور عامل ہیں۔ متعدد کتب پر تبصرے پہلے قارئین اس مجلہ میں ملاحظہ کر چکے ہیں۔ یہ کتاب ان عنوانات وموضوعات پر مشتمل ہے۔ کتاب کے پہلے حصہ میں اسلامی تہذیب، سیرت مکمل ضابطہ حیات، قرآن مجید، حقوق العباد، ہمارے اسلاف، جہاد فی سبیل اللہ، اسلامی ریاست، دوسرے حصہ میں پاکستان کا پس منظر، عیسائیت، ہندوؤں کی مخالفت، اسلامی نظریہ قوت، علامہ اقبال، قائداعظم، اکابرین تحریک پاکستان وغیرہ۔

© rasailojaraid.com